© rasailojaraid.com

# گلدستۂ اخبار

**سید محمد شریف شاہ صاحب** گھریالوی خدا یاد بزرگ ہیں۔ آپ نے ۲۳۔ جون کو خلیفہ قادیان کو مباہلہ کے لئے دعوت دی۔

**خلیفہ قادیان** نے اس کی جواب میں اشتہار دیا کہ آپ اپنے ساتھ ہزار کم سے کم پانسو اتباع لادیں۔ میں بھی لاؤنگا۔ نیز دو دو گھنٹے ہر فریق تقریر کرے۔

**شاہ صاحب** نے لکھا کہ ایسا کرنا سنت نبویہ سے ثابت نہیں۔

**خلیفہ قادیان** نے اشتہار دیا کہ آیت مباہلہ میں "انفسنا" جمع کا صیغہ ہے اسلئے بہت سی جماعت ہونی چاہئے۔

**شاہ صاحب** نے لکھا کہ میاں مباہلہ میں سارا معاملہ خدا کے سپرد کیا جاتا ہے۔ پس آیئے ہم بھی اپنا اختلاف خدا کے سپرد کریں۔

**اس کا جواب** آج (۲۶ جولائی) تک قادیان سے نہیں نکلا۔

**محاکمہ** دونوں فریقوں کے اشتہارات پر ایک محاکمہ دفتر اہلحدیث سے نکلیگا ناظرین دفتر اہلحدیث سے طلب کر سکتے ہیں۔

**اخبار زمیندار** (۲۴۔ جولائی) میں ایک بڑی زبردست نظم چھپی ہے جس کا ...

## مرقع قادیانی کی فریاد سنئے

مرقع کی اشاعت اسقدر ہے کہ ایک ماہوار رسالہ کی صورت میں مستقل شکل میں نہیں چل سکتا۔ بہی خواہوں کی مساعی جمیلہ پر خیال کرکے اسکو جاری کیا گیا تھا مگر آجتک بہت کم توجہ ہوئی۔ امید ہے بہی خواہان اپنے اپنے حلقہ احباب میں خریدار پیدا کرنیکی کوشش کرکے مستحق اجر ہونگے۔

(منیجر "مرقع قادیانی" امرتسر)

© rasailojaraid.com